# پشاور زلمی سے ایچ بی ایل پی ایس ایل2021 میں عمدہ کارکردگی کی توقع

**لاہور،17 فروری2021ء:**

گذشتہ کارکردگی:

ایڈیشن2020:چوتھی پوزیشن

ایڈیشن2019:رنرزاپ

ایڈیشن2018:رنرزاپ

ایڈیشن2017: چیمپئن

ایڈیشن2016:تیسری پوزیشن

پشاورزلمی کا شمار بھی ایچ بی ایل پی ایس ایل کی سب سے پسندیدہ ٹیموں میں کیا جاتا ہے، اسے ایک مرتبہ ایچ بی ایل پی ایس ایل کے چیمپئن بننے کا بھی اعزاز حاصل ہے۔ پشاورزلمی کا ایچ بی ایل پی ایس ایل میں اب تک کا سفر بہت شاندار رہا ہے۔

کراچی کنگز کے بعد پشاوہ زلمی وہ واحد ٹیم نے جسے ایچ بی ایل پی ایس ایل کے تمام ایڈیشنز کے پلے آف مرحلے تک رسائی حاصل کرنے کا اعزاز حاصل ہے۔ ایڈیشن 2017 کی چیمپئن پشاورزلمی کی ٹیم سیزن 2021 میں بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی اہلیت رکھتی ہے۔

پشاورزلمی نے ہمیشہ اپنے اسکواڈ میں معروف اور ممتاز کھلاڑیوں کو شامل کیا۔ یہی وجہ ہے کہ متحدہ عرب امارات میں کھیلے گئے لیگ

کے ابتدائی چاروں ایڈیشنز میں پٹھان برادری کی ایک بڑی تعداد ٹی ٹونٹی اسپشلسٹ شاہد آفریدی (تین ایڈیشنز) اور دو مرتبہ کی ورلڈ ٹی ٹونٹی چیمپئن ویسٹ انڈیز کے سابق کپتان ڈیرن سیمی کو دیکھنے اسٹیڈیم کا رخ کرتے تھے۔

حتیٰ کہ آخری سیزن میں شاہد آفریدی ملتان سلطانز کے اسکواڈ میں شامل تھے، ڈیرن سیمی پشاور زلمی کے ہیڈ کوچ مقرر ہو چکے تھے اس کے باوجود بھی تماشائیوں کی ایک بڑی تعداد صرف پشاور زلمی کو اسپورٹ کرنے میدان کا رخ کرتی تھی۔ اس وقت فرنچائز کی قیادت پشاور زلمی کے سپرد تھی۔

پشاورزلمی کے موجودہ اسکواڈ میں بھی دو تجربہ کار ٹی ٹونٹی اسپیشلسٹ شعیب ملک اور کامران اکمل موجود ہیں جبکہ وہاب ریاض اس ایڈیشن میں بھی پشاور زلمی کی قیادت کر رہے ہیں۔

وکٹ کیپر بیٹسمین کامران اکمل ایچ بی ایل پی ایس ایل کی تاریخ کے سب سے کامیاب بیٹسمین ہیں۔ وہ لیگ کے 56 میچوں میں 1537 رنز بنا چکے ہیں۔ اس دوران وہ تین سنچریاں بھی بنا چکے ہیں تاہم وہ گزشتہ ایڈیشن میں خاطر خواہ کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کر سکے تھے۔ انہوں نے اس ایڈیشن میں صرف 251 رنز بنائے تھے۔

دوسری طرف شعیب ملک نے گزشتہ ایڈیشن میں تین نصف سنچریاں بنائی تھیں۔

دوسری طرف ابھرتے ہوئے نوجوان کرکٹر حیدر علی نے بھی گزشتہ ایڈیشن میں 239 رنز بنائے تھے اور اب تو ان کے پاس ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میں پاکستان کی نمائندگی کا تجربہ بھی ہے، لہٰذا پشاور زلمی کی ٹیم منیجمنٹ کو نوجوان بیٹسمین سے مزید بہتر کارکردگی کی امید ہے۔

انگلش کرکٹر ٹام بنٹن جنہوں نے سمرسیٹ کی طرف سے کھیلتے ہوئے بہترین بیٹنگ کا مظاہرہ کیا تھا، جس بنیاد پر انہیں گزشتہ سال پشاور زلمی کے اسکواڈ میں بھی شامل کیا گیا تاہم وہ پاکستان کی پچز پر نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کر سکے تھے۔ ان کے ساتھ لیام لیونگ اسٹون اور لیام ڈاسن بھی گزشتہ ایڈیشن میں بہتر کھیل پیش نہیں کر سکے۔

ٹام بنٹن اس مرتبہ پشاور زلمی کا حصہ نہیں ہیں جبکہ لیام لیونگ اسٹون کے متبادل ہی حیثیت سے پشاور زلمی نے ٹام کیڈ مور کو اسکواڈ میں شامل کرلیا ہے۔ لیام لیونگ اسٹون کو دورہ بھارت کے لیے انگلینڈ ٹیم میں شامل کرلیا گیا ہے۔

اس سال پشاور زلمی نے جنوبی افریقہ سے تعلق رکھنے والے ڈیوڈ ملر اور ویسٹ انڈیز کے  رتھر فورڈ بھی اپنے اسکواڈ میں شامل کیا ہے۔ دونوں کھلاڑی ٹی ٹونٹی کرکٹ میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

فاسٹ باؤلنگ کے شعبے میں عماد بٹ، ثاقب محمود، نوجوان فاسٹ باؤلر عامر خان، عمید آصف اور محمد عرفان سینئر پشاور زلمی کی نمائندگی کررہے ہیں۔ اسپن باؤلنگ کے شعبے میں افغانستان کے مجیب الرحمٰن، نوجوان کرکٹر ابرار احمد زلمی کی امیدوں کا مرکز ہوں گے۔

**اسکواڈ:** وہاب ریاض (کپتان)، حیدر علی، کامران اکمل، ٹام کیڈ مور، شعیب ملک، ڈیوڈ ملر، عماد بٹ، امام الحق، محمد عامر خان، محمد عرفان سینئر، محمد عمران، مجیب الرحمٰن، محمد عمران، روی بوپارہ، ثاقب محمود، رتھر فورڈ، عمید آصف، ابرار احمد۔

-ENDS-

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl


**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4